© rasailojaraid.com

تبصرے

مسلمانانِ عالم کی کمزوری کے بنیادی اسباب | از مولانا محمد منظور نعمانی قیمت ۶ر پتہ:- کتب خانہ الفرقان گوئن روڈ لکھنؤ۔

یہ چھوٹی تقطیع پر ۴۸ صفحات کا ایک مختصر رسالہ ہے جس میں قرآن مجید سے ثابت کیا گیا ہے کہ اس دنیا میں اچھا برا جو کچھ ہوتا ہے خدا کے حکم اور اس کی مشیت سے ہوتا ہے پھر اس کے حکم سے جو کچھ ہوتا ہے اس کے لئے قدرت کے خاص خاص مقررہ قوانین وضوابط ہیں اور اس دنیا میں کسی قوم کا بننا اور بگڑنا اس کا سربلند اور سرنگوں ہونا انھیں قوانین کے ماتحت ہوتا ہے۔ چنانچہ نہ صرف ہندوستان میں بلکہ ہر جگہ مسلمانوں پر جو انحطاط پایا جاتا ہے وہ انھیں قوانین کے ماتحت اور انھیں اسباب کا طبعی نتیجہ ہے جو قرآن نے بیان کئے ہیں اس کے بعد یہ بھی بتا دیا گیا ہے کہ اب مسلمانوں کے لئے اپنی اس عام اور ہمہ گیر کمزوری کو دور کرنے کا کیا طریقہ ہو سکتا ہے؟ اس سلسلہ میں بھی قرآن مجید کی تعلیمات بالکل صاف واضح اور روشن ہیں اور مسلمان ان پر چل کر اپنے لئے عزت و دولت اور امن و عافیت کی وہ تمام نعمتیں پا سکتے ہیں جن سے اس وقت اپنے آپ کو وہ محروم سمجھتے ہیں رسالہ اگرچہ مختصر ہے اور اس میں موضوع بحث کے بعض گوشے تشنہ رہ گئے ہیں مثلاً مصنف کو چاہیے تھا کہ وہ ایک عام گفتگو کرنے کے بجائے یہ بتاتے کہ اس وقت مسلمانوں میں اخلاقی روحانی جسمانی اور مادی کون کون سی تباہ حالیاں پائی جاتی ہیں اور اُن میں سے ہر ایک تباہ حالی کن کن اسباب کا اور ان کی کن کن غلط کاریوں کا نتیجہ ہے اور یہ بتانا اس لئے ضروری تھا کہ جب تک طبیب کسی مرض کے اسباب کو الگ الگ متعین کر کے نہیں بتائیگا محض ایک عام وعظ سنا دینے سے مریض

© rasailojaraid.com